


السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ ذاکری کی تربیتی کلاسز سے مکمل استفادہ فرمارہے ہوں گے۔

آٹھویں ہفتے کے تین دروس آج بھیجے جارہے ہیں۔

امید ہے کہ آپ مختصر مدت کی مجلس اپنے انداز میں پڑھ کر ریکارڈ کر کے سن رہے ہوں گے اور ناقدانہ اپنا جائزہ لے رہے ہوں گے۔

اگر ممکن ہو تو اپنا تاثرات ہمیں بھیجتے رہا کریں تاکہ ہمیں اندازہ رہے کہ طالب علم ان دروس سے کس قدر استفادہ کر رہے ہیں۔

والسلام

انتظامیہ مدرسۃ القائمؑ

# اس ہفتے کے دروس

## کیا معصومینؑ مجالسِ عزاء میں حاضر ہوتے ہیں؟

https://www.youtube.com/watch?v=6S-zYMlzZzY

https://vimeo.com/475022471

------------------------------------------

## مجلسِ عزا کی تیاری میں آیات و احادیث کا انتخاب کیسے کیا جائے؟

https://www.youtube.com/watch?v=kVHWkAmlk0M

https://vimeo.com/475034366

------------------------------------------

## مجلسِ عزا پڑھنے کی شرائط و ضابطے

https://www.youtube.com/watch?v=ssGHn_muoAY

https://vimeo.com/475035535

## اس ہفتے کی پوسٹس کا حفظ

# موت طلب کرنے والوں کو رسول اللہؐ کی تاکید

## حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا



کسی مصیبت کو دیکھ کر موت طلب مت کرو
(بلکہ) اِس کی جگہ یہ کہنا چاہیئے:
خدایا! جب تک زندگی میرے لئے فائدہ مند ہو
اُس وقت تک مجھے زندہ رکھنا
اور جب موت میرے لئے فائدہ مند ہو
تو اُس وقت مجھے موت دے دینا۔

(تفسیر نور الثقلین۔ جلد اوّل۔ صفحہ 199)

اللھم صلی علی محمد وآل محمد وعجل فرجھم

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
مَن سَرَّهُ أَنْ يُبْسَطَ لَهُ فِي رِزْقِهِ وَيُنْسَأَ لَهُ فِي أَجَلِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ
جو شخص وسعت رزق اور موت میں تاخیر کا طلبگار ہے
اپنے قرابتداروں کے ہاں آنا جانا رکھے۔۔
(صلہ رحم کی بجاآوری کی پابندی کرے)
(بحارالأنوار، ج74، ص89)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


اپنی زندگی کو اِس طرح گزارئیے
حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا
اگر تمہاری خواہش کے مطابق
کام نہ ہو سکے
تو جس حال میں بھی رہو خوش رہو۔
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
نہج البلاغہ، حکمت 69
www.facebook.com/madrasatulqaaim


پوشیدہ طور پر مانگی جانے والی دعا
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
پوشیدہ طور پر
مانگی جانے والی دعا کا اثر
اعلانیہ مانگی جانے والی دعا سے
ستّر گنا زیادہ
دعاؤں کے برابر ہے۔
(ارشادالقلوب۔دیلمی۔صفحہ257)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


تین چیزوں کی اللہ سے شکایت
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
تین چیزیں اللہ کے نزدیک لوگوں کی شکایت کرتی ہیں:
1۔وہ ویران مسجد کہ جس میں لوگ نماز نہیں پڑھتے۔
2۔وہ عالم جو جاہل اور نادان لوگوں کے درمیان ہو۔
3۔ اور وہ قرآن کہ جس پر گرد و غبار جمع ہو
اور کوئی اس کی تلاوت نہ کرتا ہو۔
(الكافي (ط-الأسلامية)؛ج2؛ص613)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# تین افراد کے علاوہ سب نجات پاسکتے ہیں

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

میں اس اُمّت میں سے ہر اس شخص کی (آخرت میں) نجات کی اُمید رکھتا ہوں
جو ہمارے حق کی معرفت رکھتا ہو سوائے تین قسم کے لوگوں کے:

1۔ ستمگر و ظالم بادشاہ کا ہمنشین۔ 2۔ شہوت پرست شخص۔

3۔ وہ بندہ جو کھلم کھلا گناہ کرتا ہو۔ (الخصال؛ ج1؛ ص119)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


جلدی نہ کریں!
حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا
اپنی حاجتوں کو قبل از وقت مانگنے میں
جلدی نہ کرو ایسا نہ ہو
کہ تمہارا دل تنگ ہو جائے
اور نا اُمیدی تمہیں ڈرانے لگے۔
(بحارالأنوار (ط-بیروت)؛ج 75؛ص 379)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# حضرت امام جعفر صادق علیہ السّلام کے پیروکار

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

بے شک جعفرؑ کا شیعہ اور پیروکار وہ ہے
جو اپنے شکم و دامن کو حرام سے بچاتا ہے
اور خدا کی اطاعت کیلئے بہت زیادہ کوشش کرتا ہے
اور فقط اپنے خالق کی رضا کیلئے عمل انجام دیتا ہے
اور خدا سے ثواب و جزا کی امید رکھتا ہے
اور اس کے عذاب سے ڈرتا ہے
اگر اس قسم کے لوگ نظر آئیں
تو وہ جعفرؑ کے شیعہ و پیروکار ہیں۔

(الخصال؛ ج1؛ ص296)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


حقیقی مومن کون ہے؟
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
تم ہرگز مومن نہیں بن سکتے
جب تک بلا اور مصیبت کو
نعمت اور خوشی و آسائش کو
مصیبت شمار نہ کرو۔
(التمحیص؛ص34)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# دکھاوے کے لئے عمل شرک ہے




حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا

ہر قسم کی ریاکاری شرک ہے
جو شخص لوگوں کو دکھاوے کے لیے کام کرتا ہے
اس کا اجر بھی لوگوں کے پاس ہے اور جو خدا کے لیے عمل
انجام دیتا ہے اس کا اجر و ثواب خدا کے پاس ہے۔

الكافي (ط - الإسلامية) ؛ ج2 ؛ ص293

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# رحم کے قابل افراد

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

تین قسم کے لوگ ایسے ہیں کہ جن پر میں رحم کرتا ہوں
اور وہ اس قابل ہیں کہ ان پر رحم کیا جائے:

1۔ ایسا صاحبِ عزت اور محترم شخص
کہ جس کو عزت کے بعد ذلّت و خواری ملی ہو۔

2۔ ایسا غنی اور صاحبِ ثروت
کہ جو فقیر ہو گیا ہو۔

3۔ اور وہ عالم کہ جس کو اس کے خاندان والے
اور جاہل و نادان لوگ ذلیل و خوار کرتے ہوں۔

(الخصال؛ج1؛ص87)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


حاملانِ قرآن و عبادت گزار لوگ... معزّز ترین افراد ہیں
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
میری اُمت کے معزّز لوگ وہ ہیں
جو حاملینِ قرآن ہیں
اور راتوں کو بیدار رہ کر
عبادت بجالانے والے ہیں۔
(روضۃ الواعظین۔ صفحہ 6)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کی حکمت



حمزہ ابن محمد نے امام حسن عسکری علیہ السّلام کو خط لکھا
جس میں پوچھا کہ کیوں اللہ نے روزے واجب فرمائے ہیں؟
تو آپؑ نے فرمایا: تاکہ غنی اور ثروت مند لوگ غریبوں کی بھوک کو محسوس کرسکیں
اور غریبوں پر عطا اور بخشش کریں۔(من لایحضرہ الفقیہ،ج2،ص73)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


سب سے
بڑی چیز
بے شک نماز بے حیائی اور بُرائی سے روکتی ہے
اور اللہ کا ذکر سب سے بڑی چیز ہے
اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُسے جانتا ہے۔
القرآن
سورة العنکبوت29
صفحه45
إِنَّ الصَّلَاةَ تَنْهَىٰ
عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنكَرِ
وَلَذِكْرُ اللَّهِ أَكْبَرُ
وَاللَّهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُونَ
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# سلمانِ محمدیؓ کی سیرت

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت سلمانؓ محمدی
اور ایک شخص کے درمیان کسی بات پر جھگڑا ہو گیا تو اس شخص نے
حضرت سلمانؓ سے کہا کہ تو ہے کون؟ اور تیری اوقات کیا ہے؟
(وہ حضرت سلمانؓ کی توہین کرنا چاہتا تھا) تو حضرت سلمانؓ نے کہا
کہ تیری اور میری دونوں کی ابتدا ایک پلید اور ناپاک نکتے سے ہوئی ہے
اور دونوں کی انتہا ایک بدبو دار مردار پر ہو گی
پس جب قیامت کا دن ہو گا
اور اعمال کا وزن کرنے کیلئے ترازو لگایا جائے گا
تو جس کے نیک اعمال زیادہ ہوں گے وہ کریم
اور جس کے نیک اعمال کم ہوں گے وہ پست و حقیر ہو گا۔

(من لا یحضرہ الفقیہ، ج4، ص404)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم



شرافت کیا ہے؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
انسان کی شرافت
راتوں کو کھڑے رہ کر
عبادت کرنے میں ہے
اور اس کی عزّت
لوگوں سے بے نیازی میں ہے۔
(امالی شیخ صدوق۔ مجلس 41۔ حدیث 5)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


شرک اور ریاکاری
حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا
لوگوں میں شرک و ریاکاری اسی طرح مخفی اور پوشیدہ ہے
جس طرح سیاہ چونٹی تاریک رات میں مخفی اور پوشیدہ ہوتی ہے
اور جس طرح ایک سیاہ جونٹی کالے فرش یا قالین پر چل رہی ہو۔
(كشف الغمة في معرفة الأئمة (ط-القديمة)؛ ج2؛ ص420)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


نماز پابندی سے ادا کریں
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
بے شک ہماری شفاعت
اس بندے کو نصیب نہیں ہوگی
جو نماز کو حقیر اور ہلکا سمجھتا ہو۔
(من لا یحضره الفقیه؛ ج1؛ ص206)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


عیادت کرنے والے کیلئے ستّر ہزار فرشتوں کی دعا
حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا
جو کسی مریض کی عیادت کیلئے جاتا ہے
تو ستّر ہزار فرشتے اُس کے احترام میں
اس کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں
اور اس کے گھر لوٹنے تک اس کیلئے
مغفرت و بخشش کی دعا کرتے رہتے ہیں۔
(الكافي (ط-الأسلامية)؛ج3؛ص120)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# غرور کیوں کیا جاتا ہے؟



حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

**کوئی تکبّر اور غرور نہیں کرتا**
**مگر اس ذلّت اور پستی**
**(احساسِ کمتری) کی وجہ سے**
**کہ جو وہ اپنے اندر پاتا ہے۔**

(الكافي (ط-الإسلامية)؛ ج2؛ ص312)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


موت کو
ٹالنے والی طاقت
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
موت کو دعا کے علاوہ
کوئی چیز نہیں ٹال سکتی۔
(ارشاداتِ رسولؐ۔صفحہ 107)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# قیامت کے دن فقیر اور محتاج بنانے والا عمل

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

حضرت سلیمانؑ کی والدہ نے آپؑ کو نصیحت کی کہ رات کو زیادہ سونے سے پرہیز کرو کیونکہ راتوں کو زیادہ سونا قیامت کے دن انسان کو فقیر اور محتاج بنا دیتا ہے۔

(طرائف الحکم۔ جلد2۔ صفحہ 111)





www.facebook.com/madrasatulqaaim


قیامت کے دن سب سے پہلی عبادت کا حساب
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
قیامت کے دن
جس عبادت کا
سب سے پہلے
حساب لیا جائے گا
وہ نماز ہے۔
(ارشاداتِ رسولؐ۔صفحہ 119)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



کیا آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی دعا قبول ہو؟
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
کوئی بندہ جو کچھ رات کے گزرنے کے بعد
اُٹھ کر دو رکعت نماز بجالائے
اور اپنے سجدوں میں چالیس مومن بھائیوں کا نام
اور ان کے باپوں کا نام لے کر دعا کرے
اور خداوندِ عالم سے کچھ مانگے تو خداوندِ عالم اُسے عطا فرماتا ہے۔
خصال شیخ صدوق
باب الواحد۔حدیث 92
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


گریہ کے ساتھ دعا کیجئے
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
رقّت قلب طاری ہو جائے تو اُس وقت
دعا مانگنے کو غنیمت جانو کیونکہ رقّت قلب رحمت ہے۔
(ارشاداتِ رسولؐ۔صفحہ106)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


تین مستجاب الدعوات افراد
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے فرمایا
تین آدمیوں کی دعا
رَد نہیں ہوتی:
سخی، بیمار اور توبہ کرنے والا۔
(ارشاداتِ رسولؐ۔صفحہ 110)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# لوگوں سے اچھے انداز سے گفتگو کرو!

سلیمان بن مہران کہتا ہے کہ میں امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں
حاضر ہوا جبکہ ان کے حضور کچھ شیعہ افراد موجود تھے
اور امامؑ ان سے فرما رہے تھے:
اے ہمارے شیعوں! ہمارے لئے باعثِ زینت بنو
اور باعثِ ذلت و ننگ و عار نہ بنو
لوگوں کے ساتھ اچھے انداز میں گفتگو کرو
اپنی زبان کی حفاظت کرو
فضول گفتگو اور بدکلامی سے پرہیز کرو۔

(الأمالي (للطوسي)؛ النص؛ ص440)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# محتاجگی سے بچنے کا بہترین حل



حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص رزق و روزی کی تھوڑی مقدار پر
راضی ہو جاتا ہے
خداوند اس کے اعمال کی کم مقدار کو
قبول کر لیتا ہے
اور جو اپنے حلال مال کی تھوڑی مقدار پر
راضی اور قانع ہو جاتا ہے اُس کا خرچ کم ہو جاتا ہے
اور اُس کی کمائی پاک و پاکیزہ ہو جاتی ہے
اور وہ محتاجی کی زندگی سے باہر نکل آتا ہے۔

(تحف العقول؛ النص؛ ص377)



www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# مسلمان اور مومن

حضرت
امام جعفر صادق علیہ السلام
نے فرمایا

مسلمان وہ ہے
کہ جس کے ہاتھ اور زبان سے
دوسرے لوگ محفوظ رہیں
اور مومن وہ ہے کہ جس پر لوگ
اپنے مال و جان کے سلسلے میں
اعتماد و اطمینان کریں۔

(معاني الأخبار؛ النص؛ ص239)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim




حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا

جو یہ پسند کرتا ہے کی خداوندِ متعال سکراتِ موت (موت کی سختیوں) کو اس پر آسان کردے تو اس کو چاہیئے کہ اپنے قرابتداروں اور رشتے داروں سے صلہ رحمی کرے اور اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرے

جب وہ ایسا کرے گا تو خداوندِ متعال موت کی سختیوں اور دشواریوں کو اس پر آسان فرما دے گا

اور زندگی میں کبھی بھی فقر و تنگدستی میں مبتلا نہیں ہو گا۔

(الأمالی (للطوسی)؛ النص؛ ص432)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مومن کی علامات

امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: مومن کی پانچ علامتیں ہیں:

1۔ دن بھر میں پچاس رکعت نماز پڑھنا

2۔ اربعین پر امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا

3۔ سیدھے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا

4۔ خاک پر سجدہ کرنا

5۔ اور نماز میں بلند آواز سے بسم اللہ پڑھنا۔

(تہذیب الأحکام (تحقیق خرسان)؛ ج6؛ ص52)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# نماز میں زیادہ دیر قنوت پڑھنے کا فائدہ

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**دنیا میں قنوت کو طول دینے والے قیامت کے دن حساب کے موقع پر آرام میں ہوں گے۔**

(امالی شیخ صدوق
مجلس 76۔ حدیث 7)



www.facebook.com/madrasatulqaaim

# نمازوں کے اوقات کا خیال رکھئیے

حضرتِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

**نماز پڑھا کرو کیونکہ نماز تو ایمانداروں پر وقت معیّن کر کے فرض کی گئی ہے۔**

(ارشاداتِ رسولؐ۔ صفحہ 119)




www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم



ہر نماز کے وقت...
حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا
ہر نماز کے وقت اپنے اپنے منہ سیدھے کر لیا کرو
اور اللہ کیلئے خالص عبادت کرکے اس سے دعا مانگو۔
(ارشاداتِ رسولؐ۔صفحہ 115)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


ایک دن پُلِ صراط پر چلنا ہے
حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا
پاؤں کا حق تجھ پر یہ ہے کہ اُسے حرام کے لئے نہ چلا
کیونکہ اِن ہی قدموں سے تو نے پُلِ صراط سے گُذرنا ہے
ورنہ یہ ڈگمگا جائیں گے
اور تو دوزخ میں جاگرے گا۔
(ھدیۃ الشیعہ۔آیت اللہ علی مشکینی)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim